Pearson Edexcel

# Mark Scheme (Results)

## Summer 2025

Pearson Edexcel GCE

In Urdu (9UR0) Paper 03

Listening, Reading and Writing in Urdu

**Edexcel and BTEC Qualifications**

Edexcel and BTEC qualifications are awarded by Pearson, the UK's largest awarding body. We provide a wide range of qualifications including academic, vocational, occupational and specific programmes for employers. For further information visit our qualifications websites at www.edexcel.com or www.btec.co.uk. Alternatively, you can get in touch with us using the details on our contact us page at www.edexcel.com/contactus.

**Pearson: helping people progress, everywhere**

Pearson aspires to be the world's leading learning company. Our aim is to help everyone progress in their lives through education. We believe in every kind of learning, for all kinds of people, wherever they are in the world. We've been involved in education for over 150 years, and by working across 70 countries, in 100 languages, we have built an international reputation for our commitment to high standards and raising achievement through innovation in education. Find out more about how we can help you and your students at: www.pearson.com/uk

Summer 2025
Question Paper Log Number P81614A
Publication Code 9UR0_03_2506_MS
All the material in this publication is copyright
© Pearson Education Ltd 2025

**General Marking Guidance**

- All candidates must receive the same treatment. Examiners must mark the first candidate in exactly the same way as they mark the last.
- Mark schemes should be applied positively. Candidates must be rewarded for what they have shown they can do rather than penalised for omissions.
- Examiners should mark according to the mark scheme not according to their perception of where the grade boundaries may lie.
- There is no ceiling on achievement. All marks on the mark scheme should be used appropriately.
- All the marks on the mark scheme are designed to be awarded. Examiners should always award full marks if deserved, i.e. if the answer matches the mark scheme. Examiners should also be prepared to award zero marks if the candidate's response is not worthy of credit according to the mark scheme.
- Where some judgement is required, mark schemes will provide the principles by which marks will be awarded and exemplification may be limited.
- When examiners are in doubt regarding the application of the mark scheme to a candidate's response, the team leader must be consulted.
- Crossed out work should be marked UNLESS the candidate has replaced it with an alternative response.

## Paper 3 marking principles and mark scheme 2025

### SECTION A and section B questions 5(a)/5(b): marking principles

- For open response questions, the candidate does not have to write in full sentences. If appropriate, they may respond using single words or phrases where appropriate.

  Example of short phrases with two or more words:

  - to become a soldier (verb/noun)
  - christian (values) (adjective/noun).

  - When responding to open response questions, candidates may use words from the listening passage or reading extract but they must not transcribe or copy whole sections where the question requires them to manipulate the language in order to give an accurate response to the question.

  Example:

  | | |
  |---|---|
  | **Text:** | I mainly eat fruit and veg to stay healthy. |
  | **Question:** | According to the text, what does a healthy diet consist of? |
  | **Rewardable answer:** | Mainly eating fruit and veg. |
  | **Non-rewardable answer:** | I mainly eat fruit and veg to stay healthy. |

  Candidates who copy the whole sentence, as exemplified above as the *Non-rewardable answer*, **would not be awarded marks** without manipulating the verb in the sentence. This is because it does not render an accurate answer to the question. However as the exemplified *Rewardable answer* shows, candidates may still use words from the listening passage or reading extract.

- There are no marks for quality of language in Section A or questions 5a) and 5b) in Section B. Therefore errors and omissions in spelling and grammar will be tolerated as long as the message is not ambiguous or does not interfere with communication.

- Consider only as many elements as there are marks, for example for a 1-mark answer, the candidate's first response is taken for assessment, even if this response is incorrect but the correct information follows as a further element. Where 2 marks are available, award the individual marks discretely but apply the order of elements rule.

- Written responses in the wrong language cannot be awarded a mark.

**Guidance to examiners on understanding and applying the mark scheme**

- Alternative ways of giving the same answer are indicated with a slash (/) in between the alternative responses, for example: *Elsa wrote/composed the text.*

- Where appropriate, responses have been separated with 'AND' for compulsory answers and 'OR' for possible answers, for example:

  - *To the farms* (1)

  **AND**

  - *Because there wasn't enough machinery/ there was a lack of machines* (1)

Use OR to show the various answers where there are more possibilities than available marks:

Any **one** of:

  - *Sharon was scared of spiders (1)*

  **OR**

  - *Lydia found the spiders ugly* (1)

- Any parts of an answer that are not essential are bracketed for example: *On the school walls (in France).*

- Candidates are likely to write variants on the acceptable answers listed and these should be considered as acceptable if they convey the correct answer.

- All possible answers have the correct amount of marks appropriate for the information required indicated in brackets.

- Suggested incorrect answers are indicated in the **'Reject'** column.

## SECTION A mark scheme (listening comprehension)

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **1(i)P** | **C** -نظام کی جڑیں بہت گہری ہیں۔<br><br>A is incorrect because it is not relevant<br>B is incorrect because it is not relevant<br>D is incorrect because it is not relevant | **(1)** |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **1(ii)R** | **B** -گرفت میں ہے۔<br><br>A is incorrect because it is not relevant<br>C is incorrect because it is not relevant<br>D is incorrect because it is not relevant | **(1)** |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **1(iii)R** | **C** -جاگیردار ہی کرتے ہیں۔<br><br>A is incorrect because it is not relevant<br>B is incorrect because it is not relevant<br>D is incorrect because it is not relevant | **(1)** |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **1(iv)I** | **D** -کے اہل خانہ کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑے۔<br><br>A is incorrect because it is not relevant<br>B is incorrect because it is not relevant<br>C is incorrect because it is not relevant | **(1)** |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **2(i)** | **B** -خوشی سےنہیں کرتا ہے۔<br><br>A is incorrect because it is not relevant<br>C is incorrect because it is not relevant<br>D is incorrect because it is not relevant | **(1)** |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **2(ii)** | **D** -دوستوں سے ملنے<br><br>A is incorrect because it is not relevant<br>B is incorrect because it is not relevant<br>C is incorrect because it is not relevant | **(1)** |

| | | |
|---|---|---|
| | | |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **2(iii)** | **D** -عزیز و اقارب کی جدائی برداشت کرتے ہیں۔<br><br>A is incorrect because it is not relevant<br>C is incorrect because it is not relevant<br>D is incorrect because it is about neighbouring countries | **(1)** |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **2(iv)** | **C** -مشکلات برداشت کرنی پڑتی ہیں۔<br><br>A is incorrect because it is not relevant<br>B is incorrect because it is not relevant<br>D is incorrect because it is not relevant | **(1)** |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **2(v)** | **B** -ان کے ماں باپ گزارا کرتے ہیں۔<br><br>A is incorrect because it is not relevant<br>C is incorrect because it is not relevant<br>D is incorrect because it is not relevant | **(1)** |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| 3(a)(i) | بہت حسین ہے | | (1)E |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| 3(a)(ii) | کھانا پینا، زبانیں اور لباس<br>(any two) | | (2)<br>B B |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| 3(a)(iii) | تیس برس | | (1)E |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| 3(a)(iv) | ہجرت کی وجہ سے | | (1)D |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| 3(a)(v) | مغربی ممالک کی ترقی کو دیکھ کر۔ | | (1)D |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| 3(b)(i) | نوجوان متاثر ہوئے۔<br>سوشل میڈیا۔<br>دنیا بھر میں رشتےداروں سے باتیں کرنا۔ | | (3)<br>C<br>C<br>A |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| 3(b)(ii) | مغربی تہذیب کو اپنانے کی وجہ سے۔ تعلیم اور ہنر۔<br>تعلیمی نظام پرانی سوچ کی عکاسی۔ | | (3)<br>A<br>A<br>c |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
| --- | --- | --- | --- |
| 4(a) | دوست ۔ | | C (1) |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
| --- | --- | --- | --- |
| 4(b) | علاقے۔ خاندان-صوبے<br>(any two) | | (2) B B |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
| --- | --- | --- | --- |
| 4(c) | نئی رسومات نے جگہ لے لی۔ | | (1) E |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
| --- | --- | --- | --- |
| 4(d) | رواج پچاس ،ساٹھ سال پہلے تھا ۔<br>اب کم لوگ پہنتے ہیں-/چند لوگ پہنتے ہیں | | (2) EE |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
| --- | --- | --- | --- |
| 4(e) | دولہے سے پیسے لینےکے لیے۔ | | (1) D |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
| --- | --- | --- | --- |
| 4(f) | ڈبیاں بڑی ہیں<br>ان میں چاکلیٹ ڈالے جاتے ہیں۔ | | (2) A A |

**SECTION B mark scheme (listening, reading and writing)**

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| **5(a) (i), (ii), (iii), (iv)** | Any **four** of the following:<br>• تمام رشتوں کا اکٹھاہونا اور ایک دوسرے سےپیار ومحبت کرنا .<br>• عورتیں ہی خاندان کے لئے فیصلے کر تی ہیں .<br>• گھریلوذمہ داریوں کو بخوبی انجام دے سکتی ہے.<br>• گھر کےتمام رشتوں کو اچھی طرح جانتی ہے اور خاندان کی تربیت کرتی ہے .<br>• ایک بہترین رول ماڈل بنتی ہے<br>• عورت بچوں کے کردار کی تعمیر کرتی ہے .<br>(Any other appropriate phrasing of the above points is acceptable) | Specific factual details that do not express the role of a woman in the family e.g. | **(4)** |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| **5(b) (i), (ii), (iii), (iv)** | Any **four** of the following:<br>• مرد اور عورت دونوں ایک خاندان کو اکٹھا کر سکتے .<br>• اگر مرد اورعورت مل کر فیصلےکریں تو سارے خاندان کے لیے زیادہ فائدہ مند.<br>• گھریلو ذمہ داریاں بھی مرد اور عورت دونوں مل جل کر بخوبی انجام دے سکتے ہیں. | Specific factual details that express the role of a man and woman in a family e.g. | **(4)** |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | • خاندان کے لوگوں کا اتفاق سے رہنے کا انحصار والدین کے اچھے تعلقات پر ہے۔<br>• سب اکٹھے رہیں گے تو خاندان مضبوط رہے گا۔<br>• ماں باپ کو اپنے تمام رشتوں سے بے حدعزت ملتی ہے اور اسی وجہ سے گھر کے سب افراد والدین سے بہت پیار کرتے ہیں۔<br><br>Accept any alternative wording that expresses this idea. | | |

## Section B, question 5C – Listening, reading and writing task

There are three levels-based mark grids applied to question 5C. The mark grids are:

- understand and respond to spoken language (AO1)
- understand and respond to written language, (AO2)
- accuracy and range of language (AO3)

## General guidance on using levels-based mark schemes

**Step 1: Decide on a marking band**

- First of all, you must consider the answer as a whole and then decide which descriptors most closely match the answer and place it in that band. The descriptors for each band indicate the different features that will be seen in the student's answer for that band.
- When assigning a level, you must look at the overall quality of the answer and not focus disproportionately on small and specific parts of the answer where the student has not performed quite as well as the rest. If the answer covers different aspects of different bands of the mark scheme, you should use a 'best fit' approach for defining the level. You will then use the variability of the response to help decide the mark within the level, for example if the response is predominantly band 3-4 with a small amount of band 5-6 material, it would be placed in band 3-4 but be awarded a mark ~~near~~ at the top of the band because of the band 5-6 content.

**Step 2: Decide on a mark**

- Once you have decided on a band you will need to decide on a mark within the band.
- You must decide on the mark to award based on the quality of the answer; you must award a mark towards the top or bottom of that band, depending on how

the student has evidenced each of the descriptor bullet points.

- You must modify the mark based on how securely the trait descriptors are met at that band.
- You will need to go back through the answer as you apply the mark scheme to clarify points and assure yourself that the band and the mark are appropriate.

## Mark grids

**Understand and respond to spoken language (AO1 – 6 marks)**

- This mark grid assesses the student's understanding of spoken language and how well they use information from it to evaluate and draw conclusions.

**Understand and respond to written language (AO2 – 6 marks)**

- This mark grid assesses the student's understanding of written language and how well they use information from it to evaluate and draw conclusions.

The two mark grids for AO1 and AO2 are presented side-by-side. This is because of the interconnection of the task in that students need to compare information that they hear to the information that they read. They need to do this in order to weigh up the views in both sources to be able to write their evaluation and come to cohesive conclusions.

**Indicative content**

- When deciding how to reward the answer you should consult these mark grids as well as the indicative content associated with the question (see below). Indicative content contains points that students are likely to use to construct their answer. It is possible for an answer to be constructed without mentioning some or all of these points, as long as students provide alternative responses that fulfil the requirements of the question.

| **Understand and respond to spoken language (AO1)** | | **Understand and respond to written language (AO2)** | |
|---|---|---|---|
| **Marks** | **Description** | **Marks** | **Description** |
| 0 | No rewardable material | | |
| 1-2 | • Occasionally relevant judgement expressed on the viewpoints in the spoken source; often strays into description of content without evaluation.<br>• Limited conclusions drawn on spoken source, sometimes inconsistent with evaluation of viewpoints. | 1-2 | • Occasionally relevant judgement expressed on the viewpoints in the written source; often strays into description of content without evaluation.<br>• Limited conclusions drawn on written source, sometimes inconsistent with evaluation of viewpoints. |
| 3-4 | • Expresses some relevant judgements on the viewpoints in the spoken source, some of which are substantiated; occasionally strays into description of content without evaluation.<br>• Draws straightforward conclusions on spoken source, occasionally inconsistency with evaluation of viewpoints. | 3-4 | • Expresses some relevant judgements on the viewpoints in the written source, some of which are substantiated; occasionally strays into description of content without evaluation.<br>• Draws straightforward conclusions on written source, occasionally inconsistency with evaluation of viewpoints. |
| 5-6 | • Expresses relevant and substantiated judgements on the viewpoints in the spoken source showing clear evaluation. | 5-6 | • Expresses relevant and substantiated judgements on the viewpoints in the written source showing clear evaluation. |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | • Draws convincing conclusions on spoken source, consistent with evaluation of viewpoints. | | • Draws convincing conclusions on written source, consistent with evaluation of viewpoints. |

## Accuracy and range of language mark grid (AO3)

This mark grid assesses students' ability to use a range of grammatical structures and vocabulary accurately to produce articulate communication with a range of expression.

| Marks | Description |
|---|---|
| 0 | No rewardable language |
| 1-2 | • Limited variation of straightforward grammatical structures and vocabulary, with much repetition; repetitive expression, writing is often restricted and stilted.<br>• Limited sequences of accurate language; errors occur that often prevent meaning being conveyed. |
| 3-4 | • Occasional variation in the use of mostly straightforward grammatical structures and vocabulary, infrequent use of complex language; expression is frequently repetitive, writing is sometimes stilted.<br>• Some accurate sequences of language; errors occur that sometimes hinder clarity of communication and occasionally prevent meaning being conveyed |
| 5-6 | • Some variation in the use of grammatical structures and vocabulary, some recurrent examples of complex language; variation of expression but this is not sustained; sections of articulate writing with occasionally stilted phrasing.<br>• Frequent sequences of accurate language; errors occur that occasionally hinder clarity of communication. |
| 7-8 | • Frequent variation in use of grammatical structures and vocabulary, including different types of complex language; regular variation of expression, writing is articulate throughout the majority of the response.<br>• Accurate language throughout most of the response; errors occur that rarely hinder clarity of communication. |
| 9-10 | • Consistent variation in use of grammatical structures and vocabulary, consistent variation in use of complex language; conveys ideas in a variety of ways, consistently articulate writing.<br>• Accurate language throughout; any errors do not hinder clarity of the communication |

**Additional guidance**

***Complex language*** is considered to include the following:

- conceptually challenging tenses such as the pluperfect, future perfect
- passive voice
- subjunctive mood
- use of subordination
- using extended sentences to express abstract ideas/convey justified arguments that require a range of lexis and structures, for example conjunctions and pronouns
- using synonyms and a variety of expressions to say things in different ways

***Variation in use of grammatical structures/varied use of vocabulary***: the traits in the mark grid differentiate between the variation of grammatical structures and vocabulary used by students. You should judge in which mark band to place students and which mark to award, based on the effect that the variety of grammatical structures and vocabulary has on the quality of the communication; the wider the variety, the more articulate the communication will become, (see definition of *articulate* below).
Examples of a variety of grammatical structures and vocabulary are: a selection of different verbs, tenses, adjectives, vocabulary and complex language (see definition above) for a variety of purposes such as to present and justify points of view, develop arguments, draw conclusions based on understanding and evaluating issues.

***Articulate***: articulate communication is fluent, effective and coherent as students control/manipulate the language to express themselves with ease for a number of different purposes. The more articulate the writing, the easier the reader can progress through the writing without having to re-read to understand the message. If students are restricted to what they can express, they may not be able to use languages for all purposes, for example to justify arguments/interest the reader. The writing will become more difficult to read with ease as the reader has to stop and re-read to understand the message.

***Errors***: students are not expected to produce perfect, error-free writing in order to access the top band. The mark grid describes the frequency of errors and the impact that errors have on clarity.

Errors that **do not hinder clarity**:

- errors that do not affect meaning, for example some gender and adjectival agreements, as long as they do not include mismatch of cases (e.g. είδαν οι καλοί φίλους)
- infrequent errors that do not distract the reader from the content and which result in coherent writing.

Errors that **hinder clarity**:

- errors that make writing difficult to understand immediately (even if the meaning is eventually understood)/errors that force readers to re-read in order to understand what is meant, for example inappropriate tense formation, wrong case endings
- frequent errors hinder clarity as they will distract the reader from the content of the writing.

Errors that **prevent meaning being conveyed**:

- errors that mean the reader cannot understand the message
- errors that convey the wrong message
- errors that make it unclear who is carrying out the action, for example using the incorrect person of the verb
- mother-tongue interference.

**NB**: these are examples only and do not constitute a finite list.

**Indicative content: Question 5(c)**
**Students must evaluate the points of view in both 5(a) and 5(b)**

| Question number | Indicative content |
|---|---|
| **5(c)** | • Any answer that describes Iman's point of view in positive or negative terms consistent with the information presented in the source material, for example, agreement with role of a woman.<br>• Any answer that describes Ali's point of view in positive or negative terms consistent with the information presented in the source material, for example, disagreement with the role of man and woman. |

**Additional Guidance – Example student answer to 5(c)**

The example below demonstrates what a student might include in their answer to 5(c) and how it may be structured. The *Comment* column demonstrates how the answer meets the requirements of the assessment criteria in the two mark grids *Understand and respond to spoken language* and *Understand and respond to written language.*

| Example student answer | Comment |
|---|---|
| میں ایمان کی بات سے اتفاق کرتا /کرتی ہوں کیونکہ میرا خیال ہے کہ تمام تمام رشتوں کا اکٹھاہونا اور ایک دوسرے سےپیار ومحبت کرنا بہت ضروری ہے اور اس میں بنیادی کردار عورت کا ہوتا ہے ۔ میرے خیال میں اکثر عورت ہی خاندان کے اہم فیصلے کر تی ہےاور گھریلوذمہ داریونکو بخوبی انجام دے سکتی ہے۔ | Expresses judgements on the viewpoints in the spoken source |
| میں علی کی بات سے اتفاق کرتا /کرتی ہوں کیونکہ میرا خیال ہے کہ مرد اور عورت دونوں ایک خاندان کو اکٹھا کر سکتے ہیں ۔ اس لیے خاندان کےایک ساتھ رہنے میں مرد کا بھی اہم کردار ہوتا ہے۔ میرے خیال میں گھر کے تمام فیصلے اگر مرد اورعورت مل کر کریں تو یہ سارے خاندان کے لیے زیادہ فائدہ مند ثابت ہوسکتا ہے۔ گھریلو ذمہ داریاں بھی مرد اور عورت دونوں مل جل کر بخوبی انجام دے سکتے ہیں۔ | Expresses judgements on the viewpoints in the written source |
| میں سمجھتا/ سمجھتی ہوں کہ گھروں میں عورت ہی پورے خاندان کو جوڑ کر رکھتی ہے اور ان کی تربیت بھی کرتی ہے کیونکہ وہ اپنے گھر کےتمام رشتوں کو اچھی طرح سے جانتی ہے۔ ایک عورت کو گھر میں کئی طرح | Draws conclusions consistent with own viewpoints made about the spoken and written sources. |

| | |
|---|---|
| کے رشتے ملتے ہیں جیساکہ کبھی بیٹی، کبھی بہن ، کبھی بیوی، کبھی بہو اور کبھی ماں کے روپ میں وہ سارے خاندان کے لیے ایک بہترین رول ماڈل بن سکتی ہے ۔اس کے علاوہ عورت بچوں کے کردار کی تعمیر کرتی ہے۔<br><br>میں سمجھتا/ سمجھتی ہوں کہ خاندان کے لوگوں کا اتفاق سےرہنے کا انحصار والدین کے اچھے تعلقات پر ہے کیونکہ اگر سب اکٹھےرہیں گے تو خاندان مضبوط رہے گا مگربچوں کو بھی اپنی ذمہ داریوں کا خیال رکھنا چاہیے۔ بے شک ماں باپ کو اپنے تمام رشتوں سے بے حدعزت ملتی ہے اور اسی وجہ سےگھر کے سب افراد والدین سے بہت پیار کرتے ہیں۔ - | |

اقتباس نمبر

with its registered office at 80 Strand, London, WC2R 0RL, United Kingdom

# Transcript

## Summer 2025

Pearson Edexcel GCE

In Urdu (9UR0) Paper 03

اقتباس نمبر

اقتباس نمبر ۱

## پاکستان میں جاگیر دارانہ نظام

**فاطمہ:** پاکستان کے دیہاتوں میں جاگیردارانہ نظام کی جڑیں بہت گہری ہیں ۔ نہ صرف پاکستانی دیہاتوں میں اس نظام نے اپنے شکنجے مضبوطی سے گا ڑے ہیں بلکہ جاگیر دار طبقے نے سیاست کو بھی پوری طرح اپنی گرفت میں رکھا ہوا ہے،یعنی حکومت ان کے خلاف کسی قسم کی کو ئی کاروائی نہیں کرسکتی۔اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ قیام پاکستان سےہی اس طبقے کی حکومت میں شمو لیت رہی ہے اور دوسری وجہ یہ ہے کہ علاقے کے ووٹ کا فیصلہ جاگیردار ہی کرتے ہیں۔اگر علاقے کے لوگ جاگیردار کی مرضی کی بجائے اپنی مرضی سے ووٹ دیں تو جاگیردار اسے اپنی انا کا مسئلہ سمجھتا ہے اور اپنے اثر کو قا ئم کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہے جس سے -لو گوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کوئی بھی – یہ نہیں چاہتا کہ اسے یا اس کے اہل خانہ کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑے۔

اقتباس نمبر

۲

## ہجرت کے بارے میں مہاجرین کا نقطہ نظر

**احمد:** مختلف وجوہات کی بنا پر ہجرت ہر دور میں ہوتی رہی ہے اور مستقبل میں بھی ہوتی رہے گی۔ ہجرت کو ئی خوشی سے نہیں کرتا اور نہ ہی یہ کوئی اسان کام ہے۔ اپنے حالات کو بہتر بنانے کی کوشش میں پڑھے لکھے ہنر مند افراد یا عام مزدور تک کبھی قانونی اورکبھی غیر قانونی راستوں سے گزر کر ہجرت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

ہجرت کی خاطر لوگ اپنے بال بچوں، عزیزواقارب اور دوست احباب کی جدائی برداشت کر کے تنہائی کا دکھ جھیلتے ہیں ۔ اس کے علاوہ سفر کی مشکلات سہتے ہیں اور اپنا سب کچھ چھوڑ کر ایک اجنبی جگہ جاتےہیں۔ کراچی جیسےبڑے شہروں میں مزدوری کرنے والے افراد بھی ساری مشکلات اس لیے برداشت کرلیتے ہیں کہ دورکسی گاؤں میں بسنے والے ان کے بوڑھے ماں باپ اور خاندان کے دوسرے افراد ان کے بھیجے ہوئے پیسوں کے سہارے زندگی بسر کرتے ہیں۔

اقتباس نمبر

(a)۳

## اردو بولنے والی دنیا پر مغرب کا ابھرتا ہوا اثر

**عمران:** ہر قوم کے اپنے رسم و رواج ہوتے ہیں۔ پاکستان کی بھی اپنی ایک ثقافت ہے اور یہاں کے لوگوں کااپنا طرز زندگی ہے جو بہت حسین ہے۔ بےشک پاکستانی تہذیب کے کچھ پہلو دوسری تہذیبوں سے بھی ملتے جلتے ہیں لیکن کچھ باتیں ایسی ہیں کہ جو پاکستانی تہذیب کو دوسری تہذیبوں سے الگ کرتی ہیں جیسا کہ۔کھانا پینا، لباس اور یہاں بولی جانے والی زبانیں وغیرہ۔

اگر پاکستانی تہذیب کا جائزہ لیا جائے تو یہ پتا چلتا ہے کہ گذشتہ تیس برس میں جدید مغربی خیالات نے اپنا گہرا اثر ڈالا ہے ۔اس کی بڑی وجہ ہجرت اور سوشل میڈیا ہے۔ مغربی ممالک کی ترقی کو دیکھ کر پاکستانی لوگوں نے مغربی طرز زندگی کوہی کامیابی سمجھ لیاہے اور اس طرح ایک دوسرے کو دیکھ کر لوگوں نے مغربی رسم و رواج کو اپنانا شروع کردیا ہے ۔

اقتباس نمبر

(b)۳

**اردو بولنے والی دنیا پر مغرب کا ابھرتا ہوا اثر**

**ارم:**میں سمجھتی ہوں کہ  جب سے مشرقی تہذیب مغربی خیالات کے زیر اثر آئی ہے،ــــــــــاس کا زیادہ اثر نوجوان وں پر پڑا ہے۔ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ مغربی تہذیب نےزیادہ تر میڈیا کا سہارا لیا ہے  ۔چونکہ  اکثر نوجوان ہی سوشل میڈیا کا استعمال کرتےہیں اور دنیا بھر میں اپنے رشتے داروں سے باتیں کرتے ہیں جس کی وجہ سے  وہ مغرب کی تہذیب سے بہت زیادہ  متاثر ہوتے ہیں۔

**عمران:**میں آپ کی رائے  سے اتفاق کرتا ہوں مگر جہاں دوسرے ملک کی تہذیب کو اپنانے کے نقصانات ہیں وہاں فائدے بھی ہیں۔ مغربی تہذیب کو اپنانے سے لوگوں کو مغربی ممالک کی طرف ہجرت کرنے کی خواہش بھی پیدا ہوتی ہے اور اس وجہ سے پاکستانی قوم میں تعلیم اور ہنر سیکھنے کا رجحان بڑھا ہے۔جبکہ پاکستان کے اپنےتعلیمی نظام پر نظر دوڑائیں تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ وہی نظام تعلیم ہے جو برسوں پرانی سوچ کی عکاسی کرتا ہے ۔

اقتباس نمبر

۴

## شادی کے بارے میں بدلتے ہوئے رویے

**عدیلہ:** پاکستان میں شادی ایک خوشی کا موقع ہوتا ہےجس میں پورا خاندان اوردوست شریک ہوتے ہیں۔اس لیےیہ ایک سماجی تقریب بن جاتی ہے۔

**ابو-:**شادی بیاہ کے موقعےپر بہت سی رسومات بھی ہوتی ہیں۔ اوریہ رسومات ہر علاقے ، خاندان ا ور صوبےکے اعتبار سے مختلف ہوتی ہیں لیکن بدلتے وقت کے ساتھ ساتھ شادی بیاہ کے موقعے پر ہونے والی بہت سی پرانی رسومات اب ختم ہوچکی ہیں کیونکہ ان کی جگہ- نئی رسومات نے لےلی ہے۔آج سے پچاس ساٹھ سال پہلے ہمارے معاشرے میں پگڑی باندھنےکا رواج عام تھا، جبکہ آج کل تو چند لوگ ہی پگڑی باندھتے ہیں۔

**عدیلہ:**پہلےتو دولہا اکثر گھوڑے پہ بارات لے کر جاتا تھا۔جب وہ گھر سے نکلتا تو اسکی بہنیں گھوڑےکو روک لیتی تھیں اورکچھ رقم لیے بغیرجانے نہیں دیتی تھیں۔ چنانچہ دولہا ہر ایک کو کچھ پیسے دیتا اور بہنیں-دعائیں دیتے ہوئے بارات کو روانہ کرتیں ۔ مگر اب تو دولہے کو گاڑی میں بٹھایا جاتا ہے۔

**ابو:**ہمارے ہاں رواج تھا کہ با رات لے کر جانے والے یعنی دولہا کے گھر والےخوبصورت ڈبیاں بنا کر لے جاتے تھے ۔ ان میں ٹافیاں، بادا م اور کھجور وغیرہ ہوتی تھیں جو -نکاح کے بعد--سب لوگوں میں تقسیم کر دی جاتی-تھیں-۔کچھ لوگ تو انہیں وہیں کھول کر کھا لیتے مگر-بعض لوگ اپنے چھوٹے بچوں کو دینے کے لیے اس ڈبی کو-ساتھ رکھ لیتے تھے۔ چونکہ آج کل لوگوں نے ڈبیاں خاصی بڑی بنانی شروع کر دی ہیں اور ان میں چاکلیٹ وغیرہ ڈالی جاتی-ہیں اس لیےاب انہیں جیب میں نہیں رکھا جا سکتا۔

اقتباس نمبر

# Section B: Listening, Reading, and Writing

اقتباس نمبر ۵(a)

## خاندان میں عورتوں کا کردار

**ایمان:** میرے ذہن میں جب ایک اچھے اور خوش حال خاندان کا خیال آتا ہے تو میں سوچتی ہوں کہ اس میں تمام رشتوں کا اکٹھاہونا اور ایک دوسرے سےپیار ومحبت کرنا بہت ضروری ہے اور اس میں بنیادی کردار عورت کا ہوتا ہے ۔ میرے خیال میں اکثر عورت ہی خاندان کے اہم فیصلے کر تی ہے اور گھریلو ذمہ داریونکو بخوبی انجام دے سکتی ہے ۔ میری رائے میں گھروں میں عورت ہی پورے خاندان کو جوڑ کر رکھتی ہے -اور ان کی تربیت بھی کرتی ہے کیونکہ وہ اپنے گھر کےتمام رشتوں کو اچھی طرح سے جانتی ہے۔ ایک عورت کو گھر میں کئی طرح کے رشتے ملتے ہیں جیساکہ کبھی بیٹی، کبھی بہن ، کبھی بیوی، کبھی بہو اور کبھی ماں کے روپ میں وہ سارے خاندان کے لیے ایک بہترین رول ماڈل بن سکتی ہے ۔اس کے علاوہ عورت بچوں کے کردار کی تعمیر کرتی ہے۔